CAREERINDIA

| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 63 ]
Total No. of Questions : 63 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24
[ Total No. of Printed Pages : 24

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು**

**Code No. : 12-U**

**Subject : First Language — URDU**

ದಿನಾಂಕ : 28. 03. 2014 ]
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ-12-45 ರವರೆಗೆ ]
ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 125 ]

[ Date : 28. 03. 2014
[ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.
[ Max. Marks : 125

## FOR OFFICE USE ONLY

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | 14. | | 27. | | 40. | | 53. | |
| 2. | | 15. | | 28. | | 41. | | 54. | |
| 3. | | 16. | | 29. | | 42. | | 55. | |
| 4. | | 17. | | 30. | | 43. | | 56. | |
| 5. | | 18. | | 31. | | 44. | | 57. | |
| 6. | | 19. | | 32. | | 45. | | 58. | |
| 7. | | 20. | | 33. | | 46. | | 59. | |
| 8. | | 21. | | 34. | | 47. | | 60. | |
| 9. | | 22. | | 35. | | 48. | | 61. | |
| 10. | | 23. | | 36. | | 49. | | 62. | |
| 11. | | 24. | | 37. | | 50. | | 63. | |
| 12. | | 25. | | 38. | | 51. | | × | |
| 13. | | 26. | | 39. | | 52. | | × | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ***Total Marks*** | |
| **Total Marks in words** | | **Grand Total** | |
| 1. ✓<br>2. ✓ | | ✓ | ✓ |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* |

[ Turn over

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## عام ہدایات :

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے جملہ 63 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے)۔

vi) کثیر انتخابی (Multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نا اہل سمجھا جائیگا۔

vii) درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

viii) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

I. ہر سوال یا نامکمل بیان کے نیچے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں۔ مناسب ترین جواب چُن کر مہیا کی گئی جگہ پر لکھیں۔

15 × 1 = 15

1. بے شک اے محمدؐ آپ حسن واخلاق کے بڑے رتبہ پر ہیں۔ اسکی شہادت دی۔

A) حضرت عائشہؓ نے
B) حضرت عمرؓ نے
C) قرآنِ پاک نے
D) صحابہؓ کرام نے

جواب : ____________________

2. عبدالکلام کو ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمینٹ لیبار یٹری کا ڈائرکٹر بنایا گیا۔

A) 1982ء میں
B) 1986ء میں
C) 1963ء میں
D) 1968ء میں

جواب : ____________________

www.careerindia.com

CAREERINDIA



3. افسانہ ''بلبلہ'' کے مصنف ہیں۔

A) علی عباس حسینی
B) سید سلیمان ندوی
C) سید محمد اشرف
D) احمد جمال پاشاہ

جواب : ______________________

4. ''ہم اس کو بوٹیاں کاٹ کاٹ کر چیل کوّوں کو کھِلا دیں گے۔'' یہ جملہ...................... نے کہا۔

A) جینۃ خاں
B) مفتی صاحب
C) شیر علی
D) مجمع

جواب : ______________________

5. یم شیام راؤ کی تصنیف میسور چرترے کا اردو میں ترجمہ کرنے والے تاریخ داں ہیں۔

A) مولانا شاہ ابوالحسن ادیبؔ
B) محمود خاں محمود بنگلوری
C) پروفیسر بی۔ شیخ علی
D) ظفر علی خاں ظفرؔ

جواب : ______________________

6. پہلا کمپیوٹر...................... کے ذریعہ کام کرتا تھا۔

A) ٹرانسسٹر
B) انٹیگریٹیڈ چپس
C) ویکیوم ویلیوس
D) مائیکرو چپس

جواب : ______________________

7. وہ نظم جس میں خالقِ کائنات کی ثنا کی جاتی ہے۔

A) منقبت
B) حمد
C) نعت
D) قصیدہ

جواب : ______________________

www.careerindia.com

CAREERINDIA



8. نظیرا کبرآبادی کو................کہا جاتا ہے۔

A) شاعرمشرق
B) شاعرانقلاب
C) عوامی شاعر
D) خدائے سخن

جواب :

9. درج ذیل مولانا اسمٰعیل میرٹھی کی لکھی ہوئی نظم ہے۔

A) برکھارت
B) صبح کی آمد
C) صدیقؓ
D) چاندتاروں کا بن

جواب :

10. ’’رفیق نبوت‘‘ کس کو کہا جاتا ہے ؟

A) حضرت عمرؓ
B) حضرت عثمانؓ
C) حضرت علیؓ
D) حضرت ابوبکرصدیقؓ

جواب :

11. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص پیش کرتا ہے ..................کہلاتا ہے۔

A) مطلع
B) مطلعِ ثانی
C) مقطع
D) بیت الغزل

جواب :

12. نازکی اس کے لب کی کیا کہیئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

اس شعر میں مشبہ ہے۔

A) نازکی
B) لب
C) پنکھڑی
D) گلاب

جواب :

www.careerindia.com

CAREERINDIA



13. لفظ ''لطف'' کی جمع ہے

A) لطفیں
B) لطائف
C) لطوف
D) الطاف

جواب : ______

14. اِن میں مرکب مطلق کی قسم نہیں ہے۔

A) وصلی
B) تردیدی
C) استفہام
D) استدراکی

جواب : ______

15. سرخ سویرا، گلِ تر اور بساطِ رقص کس کے شعری مجموعے ہیں ؟

A) مخدوم محی الدین
B) الطاف حسین حالؔی
C) علامہ اقبال
D) نظیر اکبرآبادی

جواب : ______

II. مندرجہ ذیل کی خانہ پُری کریں : 5 × 1 = 5

16. سبق ''حضورؐ کے اخلاق و عادات'' سید سلیمان ندوی کی کتاب ................ باب کی تلخیص ہے۔

______

17. فرقہ وارانہ جذبات ابھارنے کے لئے ...................... کا زور لگایا۔

______

www.careerindia.com

CAREERINDIA



18. چاندتاروں کا بن نظم کے خالق.................. ہیں۔

---

19. وہ نظم جس میں مرنے والے کی خوبیاں بیان ہوں.................. کہتے ہیں۔

---

20. روسیوں نے پہاڑ کے نام.................. رکھے۔

---

III. 21. ' الف ' اور ' ب ' کا مناسب جوڑ لگائیں: 5 × 1 = 5

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | توتے جس دِل کو دھڑ کنے کی ادا بخشی تھی | (a) | عورتوں سے بات چیت کرنا |
| (ii) | کلرک افراد پیشہ کے لئے | (b) | علامہ اقبال |
| (iii) | غزل کے لغوی معنی | (c) | جملہ خبریہ |
| (iv) | صدیقؓ | (d) | یم-یس-آ فیس |
| (v) | سعدیہ لندن جارہی ہے | (e) | آج وہ دِل بھی یہیں دفن کئے جاتا ہوں |
| | | (f) | جملہ انشائیہ |

جواب: i)

ii)

iii)

iv)

v)

www.careerindia.com

CAREERINDIA



IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں: 10 × 1 = 10

22. بچپن میں عبدالکلام کن افراد سے متاثر تھے ؟

23. مقبول میاں دلاور علی کے سامنے کس طرح بیٹھے ہوئے تھے ؟

24. کس اخبار میں سلطنتِ خداداد قسط وار چھپتی رہی ؟

25. بزرگ لائن میں کھڑے کیا کر رہے تھے ؟

26. شاعر کے مطابق کونسی شمع چالس برس تک نماروں میں اجالا کرتی رہی ؟

27. شاعر نے اپنا سرمایۂ جان کس کو سونپ دیا ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



28. جملہ اسمیہ کی تعریف لکھئے۔

29. معنوی فرق بتائیے :

صحرا :

سہرا :

30. مضمون کے کتنے حصّے ہوتے ہیں ؟ بتائیے۔

31. ان الفاظ کی اضداد لکھئے :

شہرت :

جدید :

V. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 15 × 2 = 30

32. مقروض مسلمان کے بارے میں آپؐ کا کیا حکم تھا؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



33. انسان کوراحت، کن حالات میں میسر ہوتی ہے ؟

34. صنعت تضاد کی تعریف مع مثال لکھئے۔

35. صورت کے اعتبار سے جملے کی قسمیں مع مثال بتایئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



.36 شیرعلی کی باتیں سن کر چاند بی بی کیا کہتی ہے ؟

.37 ''اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا'' اس ضرب المثل کی وضاحت کیجئے۔

.38 ذیل کے الفاظ کی مترادف لکھئے :

i) زندگی : ____________

ii) مسکین : ____________

iii) درخواست : ____________

iv) سخی : ____________

www.careerindia.com

CAREERINDIA



39. بحر کسے کہتے ہیں ؟ اور کل بحریں کتنی ہیں ؟

40. انشائیہ ادب کی کس صنف کو کہا جاتا ہے ؟

41. لائن سے باہر والے اپنی جگہ کا سودا کس طرح کر رہے تھے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



42. ذیل میں دیئے گئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے :

i) جیب صاف کر دینا

ii) نگاہیں چرانا

43. استعارہ سے کیا مراد ہے ؟ مع مثال بتائیے۔

44. رُباعی کی تعریف لکھئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



45. رات بھر چاند تاروں کا بن کیوں جگمگا تا رہا ؟

46. جملہ انشائیہ کی تعریف مع دو مثالوں کے لکھئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



VI. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : 2 × 3 = 6

47. لے گیا چھین کے کون آج تیرا صبر و قرار
بے قراری تجھے اے دِل کبھی ایسی تو نہ تھی

48. دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یاں کی ساتھ لے
نیکی کا بدلہ نیک ہے، بد سے بدی کی بات لے

www.careerindia.com

CAREERINDIA



(ب) متن کے حوالے سے تشریح کیجئے : 3 × 3 = 9

49. ’’خداوند مجھے مسکین زندہ رکھ، مسکین اٹھا اور مسکینوں کے ساتھ ہی میرا حشر کر۔‘‘

50. ’’ہوش میں رہیے، مقبول میاں، یہاں کا رہنا بھلا دوں گا! سمجھے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



.51 ''میں تم سی چھوکریوں کا غلام نہیں مالک ہوں، چاند!''

(پ) کسی دو کا تعارف لکھئے : 2 × 3 = 6

i) اسمعیل میرٹھی

ii) علامہ اقبالؔ

iii) ظفر علی خاں ظفرؔ

.52

www.careerindia.com

CAREERINDIA



.53

(ت) درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 3 × 3 = 9

.54 مصنف کو شکر کی دکان کا منظر دیکھ کر کیا دھوکا ہوا ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



55. نعت میں شاعر نے حضورؐ کی کن کن خوبیوں کو اجاگر کیا ہے ؟

56. قطب جنوبی میں رات اور دِن کا کوئی سوال ہی کیوں نہیں تھا ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



VII. درج ذیل سوالات کے جوابات تفصیلی لکھئے : 2 × 4 = 8

57. ڈاکٹر عبدالکلام کا خواب کیا تھا؟ انہوں نے اسے کیسے شرمندۂ تعبیر کیا؟

58. تاریخ ہند میں ریاست کرناٹک کا کیا مقام ہے ؟

www.careerindia.com

59. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : 4

(i) بدلہ (ii) صدیقؓ (iii) برکھارت

60. حمد یا نعت کے ابتدائی چار اشعار لکھیں۔ 4

www.careerindia.com

CAREERINDIA



VIII. 61. اپنے والد کے نام خط لکھئے جس میں اسکول کے سالانہ جلسہ کا ذکر کیا گیا ہو۔

یا

اپنے دوست یا سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں تعلیمی سفر کا ذکر کیا گیا ہو۔ 5

www.careerindia.com

CAREERINDIA



IX. 62. ذیل میں کسی ایک عنوان پر جامع مضمون لکھیں : 5

(i) قومی یکجہتی

(ii) کرکٹ میں بھارت رتن سچن ٹنڈلکر کی خدمات

www.careerindia.com

CAREERINDIA



X. درجِ ذیل عبارات کو غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ 4 × 1 = 4

63. ایک انگریز مصنف کا قول ہے کہ ''ایک شخص کی روح اس کے خطوط میں برہنہ نظر آتی ہے۔'' خطوط نگاری آج کل ادب کی ایک مستقل صنف بن گئی ہے۔ اردو کے کئی ادبا و شعراء نے خطوط کو اِظہار بیان کا ایک اہم ذریعۂ بنایا۔

خطوط انسان کی نجی زندگی کے عکاس ہوتے ہیں۔ خطوط لکھنے والے کے سارے محاسن اور عیوب کھل کر سامنے آتے ہیں۔ غالبؔ سے پہلے جتنے بھی شعراء اور ادباء نے خطوط لکھے اس میں گھسے پٹے القاب و آداب تھے۔ مگر غالبؔ نے اپنا الگ انداز منفردانہ بنا کر مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا۔

i) انگریز مصنف کا قول کیا ہے ؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

ii) خطوط کس کی عکاسی کرتے ہیں ؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

iii) کس کے عیوب اور محاسن کھل کر کیا سامنے آتے ہیں ؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

iv) مراسلہ کو مکالمہ کس نے بنایا ؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

www.careerindia.com

www.careerindia.com